کا دل اس سے گہرا اثر قبول کرتا ہے۔

قانونِ الٰہی یا انسانی | تالیف: جناب عبدالقادر عودہ شہیدؒ

ترجمہ: محمد حنیف ایم اے

شائع کردہ: مکتبہ چراغِ اسلام - ۴۰ - بی اُردو بازار - لاہور۔

صفحات: ۹۶ قیمت: ۵/۲۵ روپے

زیر تبصرہ کتاب دَورِ حاضر میں اسلام کے نامور فرزند جناب عبدالقادر عودہ شہیدؒ کی عربی تالیف الاسلام بین جهل ابنائه وعجز علمائه کا اُردو ترجمہ ہے۔ فاضل مصنف نے بڑی دیدہ وری کے ساتھ اسلامی شریعت، اس کے مزاج، اس کی وسعت اور ہمہ گیری کا جائزہ لیا ہے اور دلائل کے ساتھ اسلامی قانون کی دوسرے قوانین پر برتری ثابت کی ہے۔

ترجمہ شگفتہ اور رواں ہے اور کتابت وطباعت عمدہ ہے۔

رحمٰن کے سایے میں | مؤلف: حافظ محمد ادریس صاحب

ناشر: البدر پبلیکیشنز - اُردو بازار لاہور۔

کتابت وطباعت عمدہ - صفحات: ۱۸۴

قیمت: -/۹ روپے۔

"رحمٰن کے سایے میں" قرآنی دعاؤں کا مجموعہ ہے جسے فاضل نوجوان حافظ محمد ادریس صاحب نے مرتب کیا ہے۔ حافظ صاحب نے قرآنی دعاؤں کا انتخاب کرنے اور اُن کو ترتیب دینے میں بڑے حُسنِ ذوق سے کام لیا ہے۔ زیر نظر کتاب قرآنی دعاؤں کا محض مجموعہ نہیں ہے بلکہ اس میں ہر دُعا کا تاریخی پس منظر بھی بڑے دلکش پیرائے میں بیان کیا گیا ہے جس کو پڑھ کر انسان اپنے آپ کو اسی ماحول میں محسوس کرتا ہے جس ماحول میں یہ دعائیں زبان پر بے ساختہ جاری ہو گئیں۔ جب ہم یہ معلوم کرتے ہیں کہ یہ دعائیں اللہ کے برگزیدہ

پیغمبروں نے اپنی دعوت کے مختلف مراحل میں مانگی ہیں قرآن کے مطالب میں غیر معمولی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

یہ وہ دعائیں ہیں جو مصائب و تکالیف اور دشمنانِ دعوتِ دین کی اذیت رسانیوں کے پیش نظر انبیائے کرام کی مبارک زبانوں سے ادا ہوتی تھیں، اس لیے ان میں مکمل اظہارِ مدعا بھی ہے اور خلوص وللٰہیت کا رنگ بھی نمایاں ہے۔ حافظ صاحب نے ان دعاؤں کی تشریح و توضیح کرتے ہوئے انہی پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی سعیٔ بلیغ فرمائی ہے۔ اور یہی چیز قرآنی دعاؤں کے اس مجموعے کو دوسرے مجموعوں سے منفرد وممیز کرتی ہے۔

کتاب کا سرورق بہت جاذبِ نظر ہے۔ کتابت و طباعت بھی عمدہ ہے۔ ہماری رائے میں ہر اس شخص کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے جو اپنے خدا کے ساتھ سرگوشیوں سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہے۔

فقہائے ہند (جلد دوم) | تالیف: مولانا محمد اسحاق بھٹی

ناشر: ادارہ ثقافتِ اسلامیہ۔ کلب روڈ۔ لاہور

صفحات: ۲۶۴ قیمت: گیارہ روپے پچاس پیسے۔

مولانا محمد اسحاق بھٹی کے معروف سلسلہ "فقہائے ہند" کی یہ دوسری جلد ہے جو نویں صدی ہجری کے ایک سو پانچ فقہائے برصغیر کے حالات وسوانح پر مشتمل ہے۔ ہندوستان میں یہ وہ دور ہے جس میں تیمور لنگ نے اس ملک پر حملہ کیا اور اس کے باشندوں پر بے پناہ مظالم ڈھائے۔ مقدمہ کتاب میں تیمور لنگ اور اس عہد کے علاوہ ضروری تفصیلات درج ہیں۔ نیز ہند کے مشرقی سلاطین، بہلول لودھی، سلاطینِ گجرات اور سلاطین بہمنیہ کے بارے میں بہترین معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں۔ سو سال کے اس طویل عہد میں ہندوستان کے مختلف علاقوں پر یہی حکمران داد حکمرانی دیتے تھے اور ان کے نزدیک علم وعلماء کو انتہائی قدر ومنزلت حاصل تھی۔ فاضل مصنف نے پوری محنت سے ان تمام واقعات کو یکجا کر دیا ہے جو مختلف تذکروں اور کتبِ تاریخ میں بکھرے پڑے ہیں۔